SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
November 22, 2016

مالی گوشواروں کی تیاری کے حوالے سے ایس ای سی پی کی رعایت

اسلام آباد' ۲۲نومبر: مالیاتی گوشوارے جمع کروانے کے حوالے سے ابہام دور کرنے کے لئے سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے مراسلہ نمبر۳۶ کے ذریعے مالی گوشواروں کی تیاری سے متعلق وضاحت جاری کر دی ہے۔ یہ وضاحت نئے کمپنیز آرڈیننس ۲۰۱۶ کے نفاذ کے پیش نظر جاری کی گئی ہے۔

نیا کمپنیز آڈینینس ۱۱نومبر ۲۰۱۶ کو لاگو ہو گیا تھا۔ اس میں مالی گوشواروں کی تیاری کے حوالے سے کمپنیوں سے نئی مقتضیات متعارف کروائی گئی ہیں۔ ایس ای سی پی نے اس بات کا احساس کرتے ہوئے کہ کمپنیوں کو فوری طور پر ان مقتضیات کی تعمیل کرنے میں دقت پیش آسکتی ہے لہٰذا انہیں رعایت دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ایسی کمپنیاں جن کا مالی سال ۳۱ دسمبر سے پہلے ختم ہوتا ہے وہ اپنے مالی گوشوارے منسوخ شدہ آرڈیننس مجریہ ۱۹۸۴ کے مطابق تیار کریں گی۔

ایسی کمپنیاں جن کا مالی سال ۳۱دسمبر کو یا اس کے بعد ختم ہوتا ہے وہ نئے قانون کے مطابق اپنے گوشوارے تیار کریں گی۔ مراسلہ نمبر ۳۶ ایس ای سی پی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ جس کا لنک درج ذیل ہے۔ https://www.secp.gov.pk/laws/circulars/

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254